بھوٹان کے بادشاہ کا دورہ ہندوستان (04-03 فروری 2025)

4 فروری 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر بھوٹان کے بادشاہ، عزت مآب محترم جگمے کھیسر نامگیل وانگچک مہا کمبھ میلے میں شرکت کے لیے خصوصی دورے پر ہندوستان آئے۔

2. عالی وقار بھوٹان کے بادشاہ کے دورے کے دوران اترپردیش کی گورنر محترمہ آنندی بین پٹیل نے معزز مہممان کے اعزاز میں عشائیہ دیا۔ اتر پردیش کے وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے بھوٹان کے عالی وقار بادشاہ سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ پریاگ راج بھی گئے۔

3. ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان دوستی اور تعاون کے منفرد رشتے ہیں، جن کی خصوصیت باہمی فہم اور اعتماد ہے۔ بھوٹان کے بادشاہ سلامت کا دورہ ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان باقاعدہ اعلی سطحی تبادلوں کی روایت کو مدنظر رکھتے ہوئے خصوصی شراکت داری کی ایک اہم علامت ہے۔

نئی دہلی

4 فروری 2025